© rasailojaraid.com



# صلۂ جہادِ آزادی

بد دیانت مورّخوں نے ان مجاہدینِ آزادی کو یکسر فراموش کر دیا جن کے عزم و عمل نے سیاسی گزرگاہوں میں اسلام کی عظمت کے چراغ روشن کر کے قوم کو آزادی کی منزل تک پہنچایا۔ افسوس! آج وہی لوگ قوم کے قہر و غضب کا شکار ہو گئے۔ ان پر ہر وہ جھوٹ بولا اور ہر وہ افتراء باندھا گیا جسے سن کر........

مہر و وفا کانپے، زمیں لرزی، فلک تھرا گیا

ان کی قربانیاں راکھ ہو گئیں
ان کی استقامت پر تبرّیٰ تولا گیا
ان کی عظمت کو داغدار کرنے کی کوششیں کی گئیں
ان کی ہڈیوں کو سوکھی لکڑی کی طرح جلا دیا گیا

آہ .......

اُن کے خلوص پر شک کیا گیا، ان کے جذبوں کا مذاق اڑایا گیا اور ان کی محنت کو دولت اور جاگیر کے عوض فروخت کر دیا گیا۔ دجل و دروغ کی سیاست گاہ میں ان کی آواز اس صدا کی طرح ہو گئی جو صحراؤں میں بلند ہو کر ریت کے تودوں میں اتر جاتی ہے۔ وہ لوگ احساسات کی قبر میں لیٹ گئے اور ان کی جگہ ایسے افراد نے لے لی جنھوں نے شہیدوں اور مجاہدوں کے خون کو غازہ اور ہڈیوں کو سہرے کا پھول بنا لیا۔ یہاں تک کہ مجاہدینِ آزادی کے وجود کا چراغ گل ہو گیا۔ ان کی جگہ سیاسی مجاور آگئے جو آج بھی غلامی کا کاسۂ گدائی لئے پھرتے ہیں............ع

منزل انہیں ملی جو شریک سفر نہ تھے

(جانشین امیر شریعت سید ابو معاویہ ابو ذر بخاری رحمہ اللہ)

© rasailojaraid.com